جسنی پائی تسنی کہائی اور باسی بچی نہ کتا کہائی اور باسی
پہولون باس نہین پردیسی بالم تیری آس نہین اور باگہہ
بکریکو ایک جگہہ پانی پلایا ہی اور بال کی کہال کہنچتی ہین اور
بال باندہا چورا اور بانس کی بانس کہائی ملاحی کی ملاحی
اور بہن سی دان مانگی ہین اور بانج بجوتی شیطانکی لنگوٹی اور

باہر میان پنجہزاری گہر مین بی بی قہر کی ماری اور باندی کی آگی
باندی آی لوگون نی جانا آندہی آی اور بای بچ گئی اور
بتیس دانت کی بہا کا خالی نہین جاتی اور بچھو کا منتر
نجانی سانپ کی بل مین ہاتہہ ڈالی اور بخت اوڑگئی بلندی
رہ گئی اور بختاور کا آٹا گیلا اور بداؤنکا للا اور براتی کنواری
کنواری ہی جائین گی کام سب دولہہ دولہن سی آپڑیگا اور
بڑا بول قاضی کا پیادہ ہی اور بڑای پانچ ہی اور بڑونکی بات
بڑی ہوتی ہی اور بڑی میان تو بڑی چہوٹی میان سبحان اللہ
اور بڑی بول کا سر نیچا اور بڑی گہر پڑی پتہر ڈہو



ڈھومری اور بسم اللہ کی گنبد مین بیٹھی ہین اور بغل مین لڑکا
شہر مین ڈھنڈھورا اور بکری نی دودھ دیا مینگنیون بھرا
اور بکری کی مان کب تک خیر منائی گی اور
بل بی جماتیری دھج اور بلی چوہا خدا کی واسطی نہین مارتی
مثلین حرف بھی یے کہات پھوڑا جاتا ہی ساتھہ نہین چھوڑا
جاتا ہی اور بہاری پتھر دیکھا چوم کر چھوڑ دیا اور
بھائی سا دوست نہین بھائی سا دشمن نہین اور بھانجی خور
خدا کا چور اور پھٹ پڑی وہ سونا جس سی ٹوٹی کان اور
بھلا کر بھلا ہو گا سو دا کر نفع ہو گا اور بھلی گھوڑی کو ایک چابک

اور بہلی ادمی کو ایک بات اور بہلی کا زمانہ نہین اور بہو کے
ہو ہری ہری دیکھو اور بہو کا بچہ جو ی اگہانا کہی
مجہی او دہار دی اور بہو کا بنگالی بہات بہات پکاری اور بہو کو
بہوجن کیا اور نیند کو بچونا کیا اور بہوک گئی بہوجن ملی اور
جاڑا گئی قبای جوبن گئی تریا ملی تینون دو جلای اور بہو لے
بامہن گای کہای اب کہاؤن تو رام دہای اور بہول
گیا دن ہر امنڈون نی باندہا سہرا اور بہول گئی راگ رنگ
بہول گئی ذکریان تین چیزین یاد رہین نون تیل لکڑیان اور
بہیک اور بچہورا اور بہینگی مرغی اور بہینس کی اگی ہین بچای بہینس جگا لے

کری اور بہیڑیا دہسان مثلین حرف پی کی پاپی کا مال

پراپت جای ڈانڈ بہری یا چور لیجای اور بی پانی کی ناؤ

ڈوبی پر ڈوبی اور پادشاہونگا اور دریاؤنکا کسنی بہیر

نہین پایا ہی اور پانسا پڑی ناڑی جیتی اور پاک رہ

بی پاک رہ اور پال پال تیری جیکا ہوگا کال اور پانچون

انگلیان برابر نہین اور پانچون انگلیان گہی مین اور

پانچون سوار ونمین ہم بہی ہین اور پانچ تین نو تیرہ تبلاے

اور پانچی میت پچاسی ٹہاکر اور پانچی سی نکلی پڑتی ہین اور

پانی پیکر ذات پوچہتی ہو اور پانی سی تپلا کر ڈالا اور پاؤن

تلی کی زمین سر کی جاتی ہی اور پتا کھٹکا اور بندہ سٹکا اور
پتھر کو جونک نہین لگتی اور پیار مین بند کرنیکی لائق ہین اور پرانی ہی
چاولونمین مزا ہوتا ہی اور پرانی مردی اوکھیڑتی ہین اور پر کو
کنوان کھودی اور آپہی ڈوب ڈوب مری اور پنکی
بیر کی تلی مرنی والی ہین اور پنچ مل خدا خدا مل پنچ اور
پنچ مل کر کیجی کاج ہاری جیتی آئی نلاج اور پوت بہی بیٹہا
بہتار بہی بیٹہا کریا کہہ کر کہاؤن اور پوچہتی پوچہتی دلّی
جاتی ہین اور پوس کونی گہوس اور پولی پولی آنچ ہی
اور پہلی ہی بسم اللہ غلط اور پہلی چوٹی کاٹا گال اور

پہلی گہر مین تو پہچی مسجد مین اور پہلی بوہنی اتدیسا نکی آس
اور پیاسا کنوئی پاس جاتا ہی کنوان پیاسی کی پاس نہین
آتا اور پیت کی ریت ہی نرالی ہے اور پیٹ مین چوہی
پڑگئی اور پیٹ بہراؤ اور پیٹہہ پہچی راجہ کو بہی بُرا کہتی ہین
اور پہچ پی ہزار نعمت کہائی اور پیر آپ ہی درماندی شفا
کسکی کرین اور پیر کو نہ شہید کو نکٹی کو چہا پامثلین حرف پہی
پہاٹی اور چرائی یہ دکہہ سہا نجای اور پہول وہ جو ہیسر چڑہے
اور پہاڑوانہ کدار انرا کہیت ہمارا اور پہر بی گہوڑی
پہین سی اور پہول چڑہی تو پہل لگی اور پہولی بدن مین نہین سماتے

پھوک پھوک قدم رکھتی اور سا پھیون پھیون تال بھرتا ہی

مثلین حرف تی کی تیلی کا تیل جلی مشعلچی کی روح صلب ہو

اور تنکی کی اوٹ پہاڑ ہی اور تلف المال خلف العمر اور
ضائع ہونا مال کا سبب بڑھنی عمر کا ہے

تیلی کی بلا بندر کی سر اور تارون بھری رات اور تاش پر

مونج کی بچھیا اور تالی دونون ہاتھہ باجی اور تانبا دیکھی جتنا

اور مکھہ دیکھی بھوارا اور تانت باجی اور راگ بوجھا اور

تماچہ ماری موہنہ لال کیا اور تختی پر تختی میانجی کی کم بختی

اور تریا چلتر جانی نہ کوئی خصم مار کی ستی ہوی اور تکلی

سی بل نکالتا ہی اور تلوسی لگی ہی اور تلوون کیسی کیون

یا مونہہ دیکھی کی اور تلی کی سانس تلی اور اوپر کی اوپر
اور تم روٹھی اور ہم چھوٹی اور تم کیون پھٹی مین پاؤن دیتی ہو
اور تمنی اوڑائین ہمنی بہون بہون کہائین اور تمہاری نہہ گلی
ہماری پیٹ کا ادہار اور تمہاری لڑکی بہی پاؤن چلین گی
تمہاری برابری وہ کری جو دوڑ کر ہرن کو پکڑی اور تنکی کی
اوجھل پہاڑ اور تہکا اونٹ سری کو ٹکتا ہی اور تہوڑا
کہانا جوانکی موت اور تہوڑا کہانا بناؤ سی رہنا مثلین حرف ٹے کی
ٹانگ کی نچی سی نکال دیا اور ٹپکی کا ڈری اور ٹکیا اور
روٹی آپ ہی کی سب سی ہے اور ٹکی کی مرغی چہوٹی محصول

ٹوٹی بانہہ گل چنڈری مثلین حرف ٹھاکی ٹھٹھیری ٹھٹھیری
بدلائی کیا اور ٹھیکریکا سکہہ چرخی دکہہ مثلین حرف ثی کے
ثابت قدم کو سب جگہہ ٹہاون ہی اور ثابت کر جب منہہ
مین ہار اور ثابت نہین کان بالو کا ارمان اور ثواب اور
عذاب راویکی گردن پر اور ثابت لوگ اثر ماری ہم لوگو نسی
نیاری مثلین حرف جیم کے جادو برحق کرنی والا
کافر ہی اور جاگی سو پاوی سو وی سو کہو وی اور جاکو پیاس
اوٹہہ چاہین وہی سہاگن اور جان ہی تو جہان ہی اور
جان پہچان بڑی خالہ سلام اور جاوی لاکہہ رہی ساکہہ

اور جب باپ مرینگی تب بیل بٹین گی اور جب چنی تہی تب دانت
نہ تہی دانت ہوئی تو چنی نہین اور جب سی جمی بال تب ہی
یہی احوال اور جتنا گڑ ڈالوا اوتنا میٹھا ہوی اور جتنا
اوڑہنا اوتنا پیر پہیلانا اور جتنا چھوٹا اوتنا کہوٹا اور
جتنا اوپرا اوتنا نیچی اور جدہر رب اودہر سب اور جدہر
مولا اودہر دولا اور جس رکابی مین کہائین اوسی رکابی
مین چھید کرین اور جسکا کہائی اوسیکا گائی اور
جسکا جاوی وہی چور کہاوی اور جسکی ہاتہہ ڈوبی اوسکا
سب کوئی اور جسکی نہ گئی ہو بیوائی وہ کیا جانے

پیر پرائی اور جسکی ماں باپ جیتی ہین اوسی حرامزادہ نہین کہتی ہین
اور جسکی بی بی سی کام اوسکی لونڈیسی کیا کام اور جسکی
گود مین بیٹی اوسکی ڈاڑہی کھسوٹی اور جسکی لاٹھی اوسکی
بھینس اور جس گہر مین پنیت نہین تاسی بھلا بدیس اور جگر جگر
ہی دگر دگر ہی اور جُلاہی کا تیر نہ ہوا اور جلی پاونکی بلی اور
جلی بلّی عجائب سرمنڈی پیٹون غائب اور جلی پرائی ہی اور
ہنسین بٹاؤ لوگ اور جن جای اونہین لجاے اور جنگل مین
موزنا چاکسنی دیکہا اور جنگل مین منگل اور جنہین چاؤ گہیری
اونہین دیکہ بہتیری اور ع جو تل زیادہ حد سی ہو اسو مسا ہوا

اور جو جانی سو مانی اور جوگی کسکی میت اور جو چڑھیگا
سو گریگا اور جو من بسی سو سپنی ڈسی اور جو پوکی قاضی مثلین
جھی کے حرف کے جھوٹا کوئی کہاتا ہی تو میٹھی ہی کی لالچ اور
جھوٹ بولون اور تیری ہی مونہہ پر اور جھوٹ کہنا تو صرفہ کیا
اور جھوٹی ہاتھہ سی کتا نہین مارتی اور جھوٹی کی آگی سچا
رومری مثلین چی کی حرف کی چار دن کی چاندنے
اور پہر اندھیرا پاکھہ اور چاکر کو عذر نہین کو کر کو عذر ہے اور
چام کی دام اور چاندنی مارگئی اور چاہنی کی نام سے
گدہی نی بہی کہیت کہانا چھوڑ دیا تہا اور چھٹ منگی اور پٹ بیاہ

چڑیونکا مرن اور لڑکونکا کھیل اور چڑیا اپنی جانسی گئی لڑکا خوش
نہوا اور چڑی مارٹولا بہانت بہانت کا جانور بولا اور
چل نسکون میرا کودن نام اور چنی چباؤ کہ شہنا بجاؤ اور
چنی کا مارا آدمی مرجاتا ہی اور چور سی کہین موس شاہ سی کہین
جاگ اور چور کا شاہد چراغ اور چور کا من بتھی مین اور چور کی
گھر مین مورا اور چور کی ڈاڑہی مین تنکا اور چور کو چور ہی سوجھے
اور چور کو چور ہی پہچانی اور چوری اور برخورداری اور
چوری اور سرہنگی اور چور کا گڑ میٹھا مثلین چھی کے حرف کہپاتی
مونگ دلتی ہین اور بہاتی کا جم اور چھپی رستم ہین اور

پہنی کا دودہ یا دہ یگا اور چھوٹی پچھیا بڑی بہنا اور
پہوا اور موا اور چھوٹا منہ اور بڑی بات اور پہیلی چار بکھارے
پانچ مثلین حی کے حرف کی حاتم کی گور پر لات مارے
اور حاضر کو حجت نہین اور حلق کا دہان اور حلق روندے
اور حرام کی ٹکڑی بازارین ڈگارا اور حمامی کی گھوڑی عراقی کو
لات مارتی ہی اور حبشی کی ٹوپی مثلین خی کی حرف کی
خارشتی کتا مخمل کی جھول اور خاکہ چاٹ کی بات کرو اور
خاک ڈالنی سی چاند نہین چھپتا اور خاکہ دھول بکاین کی پھول
اور خاک پر بسم اللہ اور خالی بنا کیا کری اس کوہی کی

دہان اوس کو ہٹی کری اور خدا کا دیا سر پہ اور خدا کیواسطے
پرہلی چوہا نہین مارتی اور خدا کو دیکھا نہین عقل سی پہچانا ہی اور
خدا کی باتین خدا ہی جانی اور خدا خدا کرو اور خدا دی بندہ لے
اور خدا دیتا ہی تو چھپر پھاڑ کر دیتا ہی اور خدا دیتا ہی
تو نہین پوچھتا کہ تو کون ہی اور خدا مہربان تو جگ مہربان
اور خدمت سی عظمت ہی اور خضرلی مثلین

بیان
مثلون ہندی
اور فارسی کا

دال کے حرف کے اور داتا کی ناؤ پہاڑ پر چڑہی اور
دام کری کام اور دانت کاٹی روٹی ہی اور دانہ
نگہاس پانی جیہہ جیہہ وقت اور دائی کی سرپان بھول اور دہ بنیا

پورا تولی اور دریا مین رہنا اور مگرمچھ سی بیر اور دریا پہ
جانا اور پیاسی آنا اور دریا کو کوزہ مین بند کیا اور دس انگلے
دس چراغ اور دستار رفتار گفتار سبکی جدا جدا ہوتی ہی
اور دل کو دلسی راہ ہوتی ہی اور دلکا مالک اللہ ہے
اور دمڑی کی ہانڈی لیتی ہین تو اوسی بہی ٹھونک بجا لیتی ہین اور
دم غنیمت ہی اور دم ناک مین آیا ہی اور دنیا جاے
امید ہی اور دنیا ظاہر پرست ہی اور دنیا ہی اور
خوش آمد ہی اور دو دل راضی تو کیا کری قاضی اور دودہ کا
جلا چھاچھ پہونک پہونک کی پی اور دودہ کا دودہ پانی کا

پانی اور دودہ کی دانت ابھی نہین ٹوٹی اور دودہ کیسی مکھی نکالکر
پھینک دیا اور دور پار شیطان کی کان بہرے اور دور کی
ڈھول سہاونی مثلین دھا کی حرف کی دہان پن اور دہوتے
تہی دو پاؤن دہونی پڑی چار پاؤن اور دہیر اسو گہنیرا اور
دہین دہونکڑا اللہ میانکی نوکر مثلین ڈال کی حرف کے ذریعے منڈے
تیری دیدیسی اور ڈرین لومڑیسی اور نام دلیر خان اور
ڈوبتی کو تنکی کا آسرا بہت ہی اور ڈورا ڈالتی ہین اور ڈیڑہ
چانول گلاتی ہین اور ڈیڑہ اینٹ کی مسجد جدی بناتی ہین
مثلین ڈھا کی حرف کی ڈہاک کی تین پات اور ڈہاکی کی

بنگال کوڑیکی کنگال مثلین ذ ال کی حرف کی ذات خدا کی
بی حیب ہی اور ذات ہی ذات ہی باقی خیر صلہ اور ذات سی
ملی کم ذات سی نہ ملی اور ذات کو ذات ہی ملتی ہی اور
ذات والی سر چڑہی اور ذات اپنی چھپاتی ہین اور
ذات پڑی گوہ مین روٹی پڑی منہ مین اور ذات
پات پوچہی ناکوئی ہر کا بھی سوہر کا ہوے
مثلین ری کی حرف کے راجہ چھوتی رانی ہوی اور
راجہ راج پر جا سکہی اور راجہ کی گہر موتیون کا کال
اور راجہ کہی سونیا ؤ پانسا پڑی سو دانون اور

راجہ بولا وی تہاری اوی اور راجہ کا وان
پرجا کا اشنان اور راست گو مفلسی مین جھوٹا
اور رات گئی بات گئی اور رائی سی پربت
پربت سی رائی اور روپ روپین بہاک کہاوین
اور رو رو کی وان مانگتی ہین اور اور روزے کو
گئی ہتی نماز گلی پڑی اور روزی خور خدا کا
چور اور روز کنوان کھودنا روز پانی پینا اور
رہین تو جھونپڑو مین خواب دیکھین محلونکا اور
رہی نام اللہ کا اور ریاست بی سیاست

نہین ہوتی مثلین زیکی حرفکی ع زاہدکیا خدا ہی ہمارا
خدا نہین اور زبان کی آکی خندق اور زبان شیرین
ملک گیری زبان ٹیڑہی ملک بانکا اور زبان کی تلی بان
اور زبان ہی ہاتھی چڑہاوی زبان ہی سر کٹاوی اور
زبردست ماری اور روٹی ندی اور زربل زور بل
اور ع زردار کا سودا ہی بی زر کا خدا حافظ اور
زرزن زمین تینو قصہ کا گہر اور زر کو زر کہینچتا ہی
اور زر نیست عشق ٹین ٹین اور زور نہ ظلم
عقل کی کوتاہی ہے اور زور کی آگے

ضرب نہین چلتے مثلین سین کی حرف کی
سات پانچ کی لاٹھی ایک جنی کا بوجھ اور
ساجھا جورو خصم کا نہین بھلا اور ساجھی کی
مولی سب سی بھلی اور ساری بدن مین زبان
حلال ہی اور ساری رات کہانی سنی زلیخا
رنڈی ہی یا مرد اور ساری ہانڈی مین ایک
ہی چانول ٹٹولتی ہین اور سانچ کو آنچ
نہین اور سانچ کہی سو مارا جائی جھوٹا بہڑوا
کدو کہائی اور سانچی بات سعد اللہ کہی سبکی من سی

اوتری رہین اور سانپ کا سر ہی کچلتی ہین اور
ساون کی اندہی کو ہرا ہی ہرا سوجھی اور ساون
ہری نہ بھادون سوکہی مثلین شین کی حرف کے
شرع مین شرم کیا اور شرم کی ماری گہر مین پڑے
بچیا نی جانا مجہی ڈری اور شکر خوری کو شکر
مل رہتی ہی اور شکر دئی مری تو زہر کا ہی کو
دیجئی اور شمع کا پشت رو برابر ہی اور شوق
دا و الٰہی ہی اور شہر مین اونٹ بدنام اور شیخی اور
تین کانی اور شیخ سدو دم نزدو اور شیخ کیا جانی صابو نکا بہاء

اور شیخ نی کہو یکو وغادی ہی اور شیخ سعدی شیرازی
عاشقونکی بادشاہ معشوقونکی قاضی اور شیر بکریکو ایک جگہہ
پانی پلاتا ہی اور شیر و بکا مونہہ کسنی ہویا ہی اور شیر شاہ
ڈاڑہی بڑی کہ سلیم شاہ کی اور شیطانکی کان بہری
مثلین صادکی حرفکے صاحب ہاتہہ بڑائیان جس بہاوین
تس دی اور صبح کا بہولا شام گہر آوی اوسی بہولا نہین کہتی اور
صحیح گئی سلامت آئی اور صدر اپڑہا اور احمق رہی اور صدقہ
دیا رد بلا اور صندل چہاپی مونہہ کو لگی مثلین ضادکے حرفکے ضامن ہوئے
کانٹہہ کا بدبخی اور ضامنی پودنی کی کیا اور ضرورت کے وقت گدہی کو

بہی سالا کرتی ہین مثلین ظی کی طرفکی طاقی نرکہی باقی اور
طوفان شیطان اللہ نگہبان اور طوطی کیسی آنکہین پہیرلین
اور طوطی اوڑ گئی مثلین ظی کے حرفکی ظالم ظلم کرنیکی بخت
برک بہری اور ظالم کا زور اسر پر اور ظالم تیرا ظلم کب تک
رہیگا کبہی تو خدا ہمارا بہی سنی گا اور ظالم کی داد خدا کی گہر اور
ظاہر پر کی چہڑیان اور ظاہر مین اولیا باطن مین شیطان مثلین
عین کی حرفکی عاشقی اور خالاجی کا ڈر اور عاشقی خالاجی کا
گہر نہین اور عاشق کی آبرو ہی گالی اور مار کہانا اور عاشق اندہا
ہوتا ہی اور عالی ہمت سدا مفلس رہتا ہی اور عالمگیر ثانی

چولہی آگ نہ کہری پانی اور عراقی پر بس چلا گدہی کی کان مٹی
اور عزت کی عزت نہین ملتی اور عطائی نان خطائی اور
عقل مندونکی بلا دور اور عقل بڑی کہ نہیں اور عقل حہ کیتی است
کہ پیش مردان آید اور عقل کی دشمن اور عقل کی ناخن بو اور
علت دہوئی دہائی جائی عادت کیونکر جائی اور عیب ہی کرنی کو
ہنر چاہئی اور عید کی چاند ہو گئی ہین مثلین غین کی حرف کے
غرض مند باولی اور غریب کو کوڑی اشرفی ہی اور غریبون نے
روزی کہی دن بڑی آئی اور غریبون کا بیلی اللہ مثلین
فی کے حرف کی فالودہ کہاتی دانت ٹوٹی تو بلاسی

اور فتح و الٰہی ہی اور فرنی فالودہ ایک بہاؤ نہین ہوتا
اور فضل کری تو چٹیان عدل کری تو لٹیان اور
فقیر کی صورت ہی سوال ہی اور فقیر کو کمل ہی دوشالہ ہی اور
فقیر قرضدار لڑکا تینون نہین سمجھتی مثلین قاف کی حرف کے
قاضی جی دہلی شہر کی اندیشی سی اور قاضی کی گہر کی چوہی سیانی
اور قاضی کی مونج اور قاضی توہاری پر بندہ نہارا اور
قاضی کی موسل مین ناڑا اور قاضی کی لوندی مری سارا
شہر آیا قاضی مری کوئی نہ آیا اور قبر پر قبر نہین ہوئی
اور قرآن پر قران رکہتی ہین اور قرض کی کیا مان

موئی ہی اور قسمت کی لکھی کو کوئی میٹ سکتا ہی اور قسم
کہانی ہی کی گئی ہے اور قصائی بچہ کبھی نہ سچا جو سچا سو کچا
اور قلعی کھل گئی اور قندلئی اور کولون پر مہر اور
قوت تھوڑا منزل بڑی مثلین کاف کی حرفلے کاٹی باڑہ نام
تلوار کا لڑی سپاہی نام سردار کا اور کاٹھہ کی گھوڑی دوڑاتی
ہین اور کاٹھہ کی ہانڈی دوبارہ نہین چڑہتی اور کاٹھہ کا الو
اور کاجل سب کوئی دی چتونین بہانت بہانت
اور کاسہ بہر کہانا اور آسا بہر جینا اور کاغذ کی گڈی آج
نڈوبی کل ڈوبی اور کاغذ کی گھوڑی دوڑاتی ہین اور کاگا رول



اور کالی سرکا ایک نہین چھوڑا اور کالی کوسون اور
کالی ہانڈی پیچھی پھوڑون اور کالی دہن سی لہنا نہین
اور کالا مونہہ کرجک دکہلاوی تب لالن کی لالی پڑی اور
کام کانہ کاج کا سیر بہر اناج کا اور کام چورنوالی حاضر
اور کام تو اپنا ہی کام ہی مثلین کہی کے حرف کے
کہا مغل کی طاہری اب کہان جائیگی باہری اور
کہانا وہان کہاؤ ہاتہہ یہان دہوؤ اور کہانیکو اونٹ
کمانیکو مجنون اور کہاویگا بکری کیطرح سوکہی لکڑی کی طرح
اور کہائیکا مونہہ نہائی کی بال نہین جہیتی اور کہائین کیسیکا

کاہین کہیکا اور کہائی بہلی کہائی اور کہری مزدوری چوکہا
کام اور کہریسی کہوٹا اوسی عرش کا ٹوٹا اور کہلائی سوتی کا
نوالا دیکہی دشمن کی برابر اور کہلائی کا نام نہین ولائی کا نام ہی
مثلین گاف کی حرف کی گاڑی دیکہہ پاؤن پہولے اور
گانا رونا کسکو نہین آتا اور گالی اور تر کاری کہانیکو بنائی ہے
اور گانہہ مین دام تو میان نظام نہین موانظموا اور
گائی کو اپنی سینگ بہاری نہین ہین اور گدہی کہین کہوڑی
ہوئی ہین اور گدہا کہایا کہیت نہ پاپ نہ پین اور گدہی کو
خشکہ اور گدہی کو پوری اور حلوا اور گدہی کو زعفران

دی اوسنی کہا میری آنکھ پھوڑی اور گدھونسی ہل چلتی بیل
کاہی کو بساہین اور گدھی بہی جوانی مین بہلی معلوم دیتی ہی
اور گذر گئی گذران کیا جھوپڑی کیا میدان اور گئی بچاری روزے
ہی ایک کم تیس مثلین لام کی حرف کے
لاٹھی لئی پاؤن خاک اور لاٹھی مارا پانی جدا ہوتا ہی اور
لاتونکی بھوت باتونسی نہین مانتی اور لاتوں کی لداتوں ہاکن والا
ساتھہ دی اور لائی گاوارا تو کہائیگی واری نہ لائی گاوارا
توپڑیگی خواری اور لڑائی مین لڈو نہین بٹتی اور لڑتونکی
پیچھی اور بہاگتونکی آگی اور لڑکی کی پاؤن پالنی مین

پہنچانی جاتی ہین مثلین میم کی حرفکی ماری ماری ہول
اوڑانی اور مار کی پیچھی سنوارا اور مار کی آگی بہوت بہاگتا ہی
اور مارنی والی سی جلانی والا بڑا واتا ہی اور مار مار کئی جا فتح
داد آہی ہی اور ماری گھٹنا پہوٹی آنکھہ اور مارتی کا ہاتھہ پکڑا
جاتا ہی کہنی والی کی زبان نہین پکڑی جاتی اور مامانچریان
کہایا کئی ہین اور مان نہ مان مین ترا مہمان اور مانگا پان بہلا
اور مانگی تانگی کام چلی تو بیاہ کری بلا اور مانگی پرتا نگا
اور بڑہیا کی برات اور مان مری اور موسی جیئے
اور مرتا کیا نکرتا اور مردی کو بیٹہہ کر روتی ہین

اور روز یکو کہڑی ہو کر اور مرد کو ہشیاری ضرور ہی اور
مرزا پہو ہا اور مرغیکی بانگ کا کیا اعتبار اور مریی مرتی پر
یا راہ چلتی پر اور مرغی اپنی جانسی گئی کہانی والون نی سواد
نہ پایا اور مرغی کو تکلی ہی کا گہاؤ بس ہی اور مرغا بانگ
ندیگا تو صبح نہو ویگی اور مرغی کی بانگ کب سندی
اور مشعلچی آپہی اندہا اور مفلسی اور فالسی کا شربت
اور مکی مین رہتی ہین اور حج نہین کیا اور مکی گئی دہکی کہائے
اور ملاکی دوڑ مسیت تک مثلین نونکی حرفکی ناچ نچانون
انگن ٹیڑہا اور ناچنی نکلی تو گہونگھٹ کیا اور

نادان دوست سی دانا دشمن بہلا اور ناک چنی چوہای ہین اور
ناک کانی مبارک کان کانی سلامت اور نامی کسبی کما کہای
نامی چور مارا جائی اور نام بڑا اور درشن تھوڑا اور ندی ناسنجو
ہی اور ندی تو کیون لہراتی ہی کہ مین پاون ہی نہین کہتا اور
نقارہ باج دمامی باجی اور نشی ہرن ہوگئی اور نمازی کانکا اور
نوکری بڑی کیسی ہی اور تونقدیرہ اودہار مثلین واو کے حرفون کے
واچہری کلیان اور واہمہ خلاق ہی اور وضو شکست ہوگئی اور
ولی کو ولی پہچانتا ہی اور وہان تک ہنتی جورو نہ دیوی اور
وہم کی دارو لقمان کی بہی گہر مین نہین اور وہ دن سیگنے

جوکہ خلیل خان فاختہ اوڑاتی ہی اور وہ پہول جو ہمیر چڑہی اور
وہی ساٹہہ وہی تین بیبی اور وہ اپنا جو اپنی کام آوی
مثلین ہی کی حرف کی ہاتہہ کنگن کو آرسی کیا ہی اور
ہاتہہ کو ہاتہہ پہچانی اور ہاتہہ کشیدہ آسمان دیدہ اور ہاتہہ
کی لکیرین کہین مٹی ہین اور ہاتہہ دیا اڑی آئی اور ہاتہہ یو نسی
گئی کہائی اور ہاتہی کی پاؤن مین سیکا پاؤن اور
ہاتہی پہری گاؤن گاؤن جیکا ہاتہی اوسیکا ناؤن اور
ہاتہی کل گیا دم اٹک رہی اور ہال مین فال دہی مین موسل
اور ہاہی ری جوانی اور ہتیلی پر سرسون جماتی ہین

اور ع ہر ایک بات کی آخر کچھہ انتہا بہی ہی اور ہر جیسی کو تیسا
مثلن یا کی حرف کی یار کی یار یسی کام یار کی فعلونسی کیا کام
اور یاران چوری پران دغا بازی اور یقین بڑا ہر لی اور
یہانکا بابا دوم ہی نرالا ہی اور یہان فرشتی کی پر جلتی ہین اور
یہان تو ہم حیران ہین اور یہان سب کان پکڑتی ہین اور
یہہ مونہہ اور مصالح اور یہی لچہن مار کہانی کی ہین اور
یہہ بہی کوئی آدمی ہین اور یہہ گو اور یہی میدان اور ع یہہ بہی
کہین کہ کوئی ہین آدمی کہی افسر چھبیسوان پیچ بیان قواعد ۲۶
کہ ایجاد سلطانی ہی رنگ لمبر اول ایکہ اواز ترم ایک لین

ہزار کی فقط رنک دسوان دس آواز ترم سو حصی ہزار کے
اوپہہ سو کی ساٹہہ حصی اور سو کی دس حصی دس دس ہوی
رنک چوتھا چار اواز ترم ہزار کی اڑہائی سو حصی اور پہہ سو کی ڈیڑہ سو
حصی اور سو کی پچیس حصی چار چار ہوی رنک چوتھا
پانچ اواز ترم ہزار کی دوسی حصی اور پہہ سو کی ایک سی بیس
اور سو کی بیس حصی پانچ پانچ ہوئی فقط رنک بیسوان
بیس اواز ترم ہزار کی پچاس حصی اور پہہ سو کی تیس حصی
اور سو کی پانچ حصی بیس بیس ہوئی فقط رنک پچیسوان
پچیس اواز ترم ہزار کی چالیس حصی اور پہہ سو کی چوبیس حصے

سو کی چار حصی پچیس پچیس ہوئی رنک پچاسوان پچاس آواز
ترم ہزار کی بیس حصی اور چھہ سو کی بارہ حصی اور سو کی
دو حصی پچاس پچاس ہوئی فقط رنک دوسرا دو آواز ترم
چھہ سو کی دو حصی تین تین سو ہوئی رنک تیسرا تین آواز ترم
چھہ سو کی تین دو دو سی ہوئی رنک چوتھا چار آواز ترم
چھہ سو کی چار حصی ڈیڑھ ڈیڑھ سو ہوئے رنک پانچوان پانچ آواز
ترم چھہ سو کی پانچ حصی ایک سی بیس اور ایک سی بیس ہوئے
رنک چھٹا چھہ آواز ترم چھہ سو کی چھہ حصی سو سو ہوئی
رنک دوسرا دو آواز ترم ہزار کی دو حصی پانچ



پانچ سی ہوئی رنگ چوتھا چار آواز ترم ہزار کی چار حصی اڑہائی
اڑہائی سو ہوئی رنگ پانچوان پانچ آواز ترم ہزار کی
پانچ حصی دو دو سو ہوئی رنگ ساتوان طاق
رنگ آٹھوان آٹھہ آواز ترم ہزار کی آٹھہ حصی سولسوا
سو ہوئی رنگ نوان طاق رنگ دسوان دس آواز
ترم ہزار کی دس حصی سو سو ہوئی افسر ہستائیسوان ۲۷
پیچ حکایتون تحفہ اور نادر کی نقل کرتی ہین کہ حضرت سول خدا ۲
سی درود اللہ کا اوپر اونکی اور اونکی اولاد پر ایک دن
ایک جا تشریف لی گئی ایک شخص راہ چلنی والونسی

سبب اگلی کینہ کی کہ بیچ دلکی رکہتا تہا کہا یا بنی علیک السلم
معنی یہ کہ ای بنی طرف تیری زہر حضرت نی فرمایا علیک السلم
یعنی طرف تیری زہر اصحاب کہ ہمراہ تہی جانا اونہون نے
کہ کوئی بلا ضرور اسپر نازل ہوگی پہر دو تین دنکی بعد اوسی
شخص کو دیکہا کہ پہر لکڑیان اوپر سر کی رکہی ہوئی جاتا ہی
حضرت نی اصحابون سی پوچہا کہ کیا سبب ہی اصحابون نی
اوس شخص سی پوچہا کہ تونی کونسی عبادت کی ہی اوس
شخص نی جواب مین کہا کہ کوئی عبادت نہین کی ہی مینی
جو بہت تکرار کی کہا سچ ہی کل دو روٹیان میری پاس تہین

کہا نیکی وقت فقیر نی سوال کیا ایک روٹی فقیر کو دی
مینی اور دوسری کہائی سوا اسکی کچہہ نیک کام نہین
کیا ہی مینی حضرت نی فرمایا کہ پہر لکڑیان اوسکی سر سی
گرائین جو اونکو کہولا ایک کالا سانپ کہ مونہہ مین ٹکڑا
روٹی کا رکہتا تہا اوس مین سی گرا حضرت نی فرمایا
کہ یہہ باعث تہا صدقہ دور کرتا ہی بلا کو حکایت
ایکدن حضرت موسی اوپر نبی ہمارے کی اور اوپر اونکی
سلام قبرستا نمین گئی اور وہان ٹہری کہا افسوس افسوس
کہ تہوڑی آدمی اینمن سی موت سی مری ہین اور باقی

نظر بہی حکایت ایک دن ایک شخص غلامونمین سی حضرت
امیرالمومنین علیہ السلام کی پیچ خدمت اوس جناب کی آیا اور
عرض کی کہ زیادتی باہی ایذامین رہتا ہونمین دعا کیجئی کہ یہ بات
مجہسی موقوف ہو حضرت نی فرمایا کہ جا دوسری دن پہر
آیا دوہی عرض کیا دوہی جواب سنا تیسری دن آکی عرض
کی کہ یا علیؑ مجہسی زنا ہوا حضرت نی فرمایا کہ جا چوتہی دن
پہر آکی عرض کی کہ یا حضرت پہر مجہسی زنا ہوا اوہانکی عذاب
سی پاک کہ فرمایئی حضرت نی قنبر کو ارشاد فرمایا کہ مدینہ مین
کہہ کہ جو کوئی چاہی کہ دیکہی کہ علی ایک حد حد دن

حکم خدا سی جاری کرتا ہی آئی اور دیکھی دشمنون نی آپس مین
گفتگو طعن کی کی کہ علیؑ اپنی دوستونمین سی ایک دوست کو حد شرع
کی جاری کریگا آدمی جمع ہوئی حضرت نی فرمایا کہ لکڑیان
بہت سی جمع کرو اور اوسمین جلاؤ اور تیل زیتون کا اوسپر
چھڑکو تو بہت جلد روشن ہو موافق ارشاد حضرت کی
اوس آدمی کو ایک چادر مین لپٹایا فرمایا جا اس
آگ مین وہ آدمی موافق ارشاد فیض بنیاد اون حضرت کے
آگ مین گیا آدمیون نی جانا کہ جلا اور راکھہ ہو گیا اسمین
حضرت نی اشارہ اوسکی طرف فرمایا کہ اوٹھہ وہ آدمی

اوسی وقت آگ سی ایسا باہر آیا کہ ایک تاگا اوسکی چادر سے
نہ جلا تہا اور گرد راکہہ کی اوسپر نہ تہی حکایت ایک دن
حضرت سلیمان اوپر بنی ہمار یکی اوپر اونکی سلام دو پہاڑون پر
پہنچی ایک مرغ بدن مثل ہاتی کی اور تن مثل فیل کی دیکہا
کبہی باوجود ایسی حکومت کی اسطرح کا مرغ فربہی اور
فیل دیکی ساتہہ نہ دیکہا تہا چاہا کہ مانند اور جانورونکی تعظیم
کری اوسنی پہچانا لیکن اوس جاسی دوسری پہاڑ پر
بیٹہا اور ایک ٹکڑا پتہر کا جو پنجی مین رکہتا تہا دیکہنی سی امر
عجیب کے اور گستاخی نادر کی ہوا سی کہا کہ تہوڑی دیر ٹہہر جا

پوچھا کہ ای مرغ دراز قد اور فربہ مگر اپنی درازی اور چوڑائے
پر مغرور ہی تو کہ میری تعظیم نہ کی تو نی ہی شرط کہ ہوا کو حکم
کرو نہین تو تجکو سزا دی وہ مرغ سنتی ہی کی ساتھہ ہنسی لگا
اور کہا کہ ای سلیمان اپنی طرف جاتیری تئین ظاہر کرنی راز
پہپی سی کیا حاصل ایسی سلیمانی میری نظر مین نہین آتے
ہین جو دیرنی ظاہر ہونی بہید کی ہوئی کہا ای سلیمان
جس دنسی کہ پروردگار عالم نی مجکو پیدا کیا کتنی برس
گذری کہ یاد نہین ہی اور حکم خدا کا وہ ہی کہ جو سلیمان
یہانسی گذری تو ایک ٹہیکری اس پہاڑسی اوس پہاڑ پر

ڈال دیکھہ ای سلیمان کہ کتنی ہزار ٹہیکریان جمع ہوئی ہین
کہ ایک پہاڑ مانند دوسری پہاڑ کی تیار ہوای یہ باعث ہی
کہ سلیمانی تیری میری نظر مین نہین سماتی ہی یہ سنتی ہی حضرت
سلیمان اوپر سمار ہی نبی کی اور اوپر اونکی سلام روی اوئ
فرمایا کہ ای اللہ تو بزرگ ہی اور خیال دولت اور
حکم رانی کا دماغ سلیمان علیہ السلام سی کہانس کی
مانند پریشان ہوا اللہ جانتی والا ہی ساتہہ رسائی یے کے
حکایت ایک اندہی نی کبڑا نوکر رکہا اوس کبڑی نی
بہت سی اشرفیان نزدیک اندہی کی کہ آقا اوسکا

تنہا تا کین اوس تدبیر مین ہوا کہ آقا اندہی
کو مارنیکی اشرفیان لی جائی اور خرچ مین
لائی اسی فکر مین تہا یہان تک اندہی آقانی
کبڑی نوکرسی ایک دن کہا کہ مچہلی لا اور میری
واسطی پکاوہ کبڑا کہ آقا کی قتل کی فکر مین تہا بدلی
مچہلی کی ایک کالا سانپ لایا اور اوسکو کہنڈلی
کہنڈلی کیا مصالحہ ملا کی مچہلی کی طرح پکانی لگا
وہ اندہا جو آیا ساتہہ تقاضی عادت کی کہ اندہی کو
ہوتی ہی ہاتہہ چارون طرف برہایا واسطی ڈہونڈنے

ایک چیز کی شروع کیا یکایک سرپوش پتیلی کا ہات مین آیا
جو ہین سرپوش پتیلی سی اوٹھایا دہوان اوسکا اوسکی آنکھہ
مین لگا کہ اوسیوقت آنکھین روشن ہوگئین جو غور
کرکی دیکھا معلوم کیا کہ نوکر اندہی نی کا لاسانپ
پکایا ہی غصہ بہت آیا اور ایک لات بڑی غصہ سی
اوسکی پیٹھہ پر ماری اتفاقات سی لات اوسکی کبڑ کی پیٹھہ پر
ایسی لگی کہ کوبڑ اوسکا دور ہوگیا اور پیٹھہ سیدہی ہوگئی
حکایت لقمانسی پوچھا عقل کس سی سیکھی تو نی کہا بی عقلو نسی
کہا کسطرح کہا جو کچھہ یہ بڑا کام کرتی تہی مینی اوس سی ہنر کیا

حکایت ایک ہاتھی کو دیکھا کہ غم کی سبب سی خاک سپر
اوڑاتا ہی کہا کیا سبب ہی کہ باوجود اس تازگی کی ملول
ہی تو کہا افسوس ہی کہ بہنگا میری سر پر اوڑتا ہی حکایت
آفتاب سی کہا کس سبب اسقدر بلند ہی تو کہا خاکسار یسی کہ
سایہ میرا نیچی قدم اہل عالم کی ہی بیت بلند ہونا تو پستی عزیز
کر لینا کہ آفتاب کو رتبہ ہی سرگذار یسی حکایت شمع سی
پوچھا کہ تنہائی مین اور مجلس مین کیونکر دخل پایا تو نے
کہا جلنی اور پگھلنی سی اگر سختی کرتی مین کیونکر دخل
پاتی مین پس انسانکو ضرور ہی کہ رحم دل ہو تو آنکھہ مین

آدمیونکی غریزہ حکایت ایک بڑ کی تین کہا کہ اپنی سی چھوٹونکی
پاس اسقدر نزدیک کیون بیٹہتا ہی تو کہا بڑ کی سی کسواسطی اگر وہ
بیٹہونمین چھوٹا معلوم ہونمین حکایت قلم کو کہا کسواسطی دل رخنے
ہی تیرا کہا لبونکی تعریف ہی کہ شاید کہ حکم درستی کا زبانکا ہو حکایت
پنجی کو کہا کہ کسواسطی دل بستہ ہی تو کہا اوسنی زیادتی
خوشی سی کہ شاید سر باغبان کی پہنچی حکایت ایک مور سی کہا
کہ سانپ کی ساتہہ کسواسطی دشمنی رکہتا ہی تو کہا بلکہ زلف
یار کی دہوکی سی ڈہونڈہتا ہونمین جو زلف یار کے
مقابلی مین پاتا ہون مین مارڈالتا ہون مین حکایت

ناگنی سی پوچھا کہ مورسی کسواسطی نہین ڈرتی ہی تو کہا نہین بلکہ
یار کی سینی کی دھوکی سی نزدیک اوسکی جاتی ہون مین
جو جان پہچان نہین اوسکو پاتی ہونمین اوسکی سینی پر مینخ
ہوتی ہون مین حکایت ایک اندہی نی آنکہون والی سی
پوچھا کہ کہیر سی آگاہ نہین ہونمین جوان آنکہون والی نی کہا
کہ مانند دودہ کی بہت سفید ہوتی ہی اندہی نی کہا کہ دودہ کے
سفیدیسی بہی نہین آگاہ ہونمین جوان نی کہا بگلی کی پر کی مانند
ہوتی ہی یہانتک کہ بگلی کو آگی لائی اور ہاتہہ اندہی کا پکڑ
کی جو گلی پر بگلی کی رکہا اوسیوقت اندہی نی ہنس کی کہا

نہ نہ یہہ ٹہڑی کہیر ہی مجہسی کہای جائگی اَللّٰھُمَّ لَا تُقَطِّنِّی
ای بارالہا نہ گنہگار کر میری تگین

حکایت لوٹا افیونی کا ہر روز چوری جاتا تہا افیونی

بدخصلت سڑی پن مین بندوبست بالکل چاہتا تہا

لیکن باہر کی چورسی کچہہ نشان نہین پاتا تہا لاچار ہو کی

ایکدن ایک چادر سفید اوڑہی اور سیدہا ہاتہہ سر پر رکہا

اور اپنی ہتیلی کو مانند ٹونٹی کی بنایا اور پایخانہین کاٹہہ کی

چوکی پر دوزانو چوتڑ اپنی پاؤن پر رکہہ کی مانند تابیکی مٹکی کی

اپنی تئین اونچا کر کی سات تدبیر پکڑنی چور نالائق کی اور

واسطی دریافت کرنی اس کام بڑیکی متوجہ ہوا چور چتی تن مکار

لباس نی دیکہا کہ اللہ اللہ اج بڑا ہی لوٹار کہا ہی سمجہا نہین
کچہہ بہید ہی چاہا کہ ڈہونڈنا کری اور اپنی تین بکر کی چالسی
دور رکہی ایک تدبیر باندہی کہ اگر مال ہی ہاتہہ سی نجائی
اور اگر دہوکا ہی نجات ملی ایک کنکری تہپر کی اوٹہائی
اور اوسمین ماری کہ اگر تانبا یا چاندی ہی تو مارتی کی ساتہہ
آواز دیگا جو بدن اوسکا چمڑیکا تہا کچہہ آواز نہوی افیونی نے
دل مین تجویز کیا کہ اواز کرنا بہت مناسب ہی ایک بار
کہاٹن ٹن چورنی کہا لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ مین تو تہا
یہہ شیطان دوسرا پہنچا توری اوکد ولعنت دونو پر

کہتا زردہیائی لومڑیکا ایک لات زور سی ماری افیونی پیچ
حالت بد کی گوہ کی طشت مین گرا اوسیوقت اپنی دلمین یہ بات
ٹہرائی ٹونٹی سی کہ گرنیکی وقت لوٹی سی آواز پانی گرنی کی
آتی ہی ایسا نہوا سمین دہوکا کہائی اور ایذا پہنچائی اوسیوقت
آنکہہ بند کرکی منہہ کہولا اور بہق بہق بہق بہق بہق کہنی لگا
پناہ مانگتا ہو نمین اللہ سی توبہ توبہ اَللّٰھُمَّ لَا یُسْقِطُنِی
اہی بار الٰہا نہ گنہگار کر میری تئین
حکایت پانچ پہہ افیونی راہ مین چلی جاتی تہی ایک مسجد کو دیکہا کہ
آفتاب کی گرمی سی جل رہی ہی ایک نی اپنی دلمین خیال کیا کہ افسوس
یہ گہر اللہ کا دہوپ مین جلتا ہی یہ خیال کرکی کہا

ای بہائیو کام ثواب کا ہی کہ اگر چہانہہ مین لیجائین اسکوہم
آخر کو پگڑیان اور دوپٹی اپنی کہول کی گرد مسجد کی لپیٹ کی
سب مانند مکھی کی گہوڑون کی کہیچنی مین مصروف تہی کہ
ایکبار سب بیخود بیمین اور افیونکی نشہ مین گرفتار ہوئی
یہانتک کہ تیسرا پہر گذر گیا اور دہوپ اوس جاسی جاتی
رہی ایک اونمین سی اوٹہا دیکہا کہ پانچ آدمی بیہوشی مین
ہین سبکو ہوشیار کر کی آپس مین گلی ملی اور ہاتہہ چومین
کہ شکر خدا کہ نیک کام کیا ہمنی اور اس گہسیٹنی سی اللہ کا گہر
چہانہہ مین لائی ہم یقین ہی مزدوری اسکی اللہ کی درگاہ ہی

ملی بعد اسکی سب راہی ہوئی لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

نہین طاقت مگر ساتھہ اللہ کی حکایت گذرہوا ایک افیونی

مسافر کا واسطی ملاقات ایک دوست کی کہ وہ بہی افیونی

تہا جو افیونی مسافر پہرنی والا تہا چاہا کہ بیچ باغ دوست

افیونی اپنی کی رات کو رہی اجازت طلب کی افیونی صاحب خانہ

نی کہا کہ بیچ باغ میری کی سات چبوتری پکّی بنی ہوئیے

ہین خبر رکہنا حوالی تمہاری ہین افیونی مسافر نی قبول

کیا کہ مین ذمہ وار ہون جو رات کو رہا اور ایک پہر رات

باقی رہی کہ افیونی صاحب باغ نی دروازہ باغ کا



بڑی زور سی کہٹ کہٹایا افیونی مسافر کہٹ کہٹانی سی
جاگا اور کہا کہ بہائی کیا سبب ہی کہ اسوقت آیا تو افیونی
صاحب باغ نی کہا کہ واسطی گئی چبوترون اپنی کی آیا ہیو
ایسا نہو کہ کوئی چبوترہ میری چبوترونسی کہویا جائی
بیچارہ افیونی مسافر حیران اوٹہا کہا لاحول ولا قوۃ
تم چبوتری اپنی گنو ہرگز ایک اسمین سی چوری نہوا ہوگا
آخر دونون اوپر ایک چبوتریکی کہڑی ہوکی باغکی چبوتری گئی
لگی گئی مین چہہ ہوتی تہی صاحب باغ کہتا تہا کہ ای
بہائی چبوترہ سا توان آخر چوری گیا پہر جو گئی لگی

اس خباب کا وہان تک پہنچی کا پہر مسجد کی پائی کی نزدیک نماز
مین مشغول ہوا جو تشہد پڑہنی کو بیٹہا حضرت امیرؑ نی ستون
مسجد کا اوٹہا کی اوسکی دامن پر رکہہ دیا اور ہاتہہ سی
اپنی نعلینین اوتارلین اور ارادہ تشریف لیجانیکا کیا اوس
اصحاب نی سلام نماز کا پہیرا دیکہا دامن اوسکا نیچے
ستون کی ہی بچین ہوا اور چاہا کہ اوس دامن کو
حضرت امیرؑ چہڑادین حضرت اوسی بچین دیکہتی تہی اور
مسکراتی تہی فرمایا کہ شرط کر کہ پہر ایسی بی ادبی
نہو گی اوسنی قسم کہای کہ پہر بی ادبی نکرونگا حضرت نی

دامن اوسکا ستون مسجد سی چھڑا دیا حکایت ایکدن حضرت
امیر المومنینؑ ایکطرف جاتی تہی و اصحاب اپہی لبنی قدتکے
دہنی بائین جاتی تہی ایک نی اون دو نو نمین سی مزح
کی طریق پر حضرت سی کہا اَنْتَ بَیْنَنَا کَالنُّوْنِ فِی لَنَا
یعنی آپ بیچ مین ہماری یون ہین کہ جسطرح نون لنا مین
حضرت نی جواب مین فرمایا لَوْلَا اَنْتُمْ بَیْنَکُمَا لَکُنْتُمَا لَا
یعنی مین اگر بیچ مین تمہاری نہون تو تم ہو جاؤ لا یعنی نیست و نابود
حکایت مخرمہ بیٹا نوفل زہریکا بہت بوڑہا رہنی والا مدینہ کا تہا کہ
نسب اہل عرب کی خوب جانتا تہا اور بزرگان انصار مین سی تہا

اور ایک سو پندرہ برس کی عمر اوسکی تہی اور اخیر عمر مین اندہا
ہوا ایک دن مسجد مین پیشاب کرنیکو اوٹہا نعمان آیا اور
ہاتہہ اوسکا پکڑا مسجد سی باہر لایا مخرمہ نی کہا ای اللہ
کی بندی میری تین ایک خالی مکان مین لیجاوی تو پیشاب
کرونمین نعمان نی اوسکو ہر طرف پہرایا اور آخر کو نزدیک
مسجد کی آدمیون کی پاس ٹہہایا کہا جگہہ تہہای کی ہی پیشاب
کر یہ کہا اور ہاتہہ اوس سی کہینچ لیا اور چلا گیا مخرمہ
بی تکلف ازار بند کہول کی پیشاب کرنی لگا اور آدمیون نے
ہر طرفسی زبان طعنی کی کہولی اور کہا کسواسطی نزدیک مسجد کے

آدمیونمین شرمگاہ کو کہولتا ہی اور پیشاب کرتا ہی تو کہا
واللہ مینی اوس شخص کو کہ جسنی ہاتہہ میرا پکڑا تہا کہا تہا مینی
میری تیئن آدمیونسی خالی جگہہ مین پہنچا وہ کون تہا کہ میری
ساتہہ یہ ہنسی کی کہا نعمان بٹیا عمر انصاری کا کہا اوسنی
شرط کی ہی مین اگر اوسپر غالب ہون مین یہ لاٹہی کہ
ہاتہہ مین رکہتا ہو نمین اوسکو ایسی مارونمین کہ کبہی ایسی
چوٹ نکہائی ہو جو اس غصی سی کتنی روز گذری مخرمہ
اور نعمان مسجد مین تہی عثمان بٹیا عفان کا آیا اگی محراب کے
نماز پڑہنی لگا اور وہ وقت تہا کہ وہ حاکم مدینہ کا تہا

نعمان اپنی جاسی اوٹہا اور مخرمہ کی پاس آیا اور کہا ای باپ
مہربان یہ نعمان آگی محراب کی نماز مین مشغول ہی یہ
وقت ہی اگر ساتہہ شرط اپنی کی وفا کری تو مخرمہ نی
کہا ای بیٹی میری میری تیئن اوس تک پہنچا کہ اوسنی دل
بہرا ہوا ہی میرا نعمان ہاتہہ اوسکا پکڑ کر نزدیک محراب کی
لایا اور آپ چلا گیا مخرمہ نی لٹہہ اپنا اوٹہایا اور جسقدر کہ طاقت
رکہتا تہا مارا عثمانکی سر پہ یہانتک کہ سر اوسکا ٹوٹ گیا
آدمی اوسکی پاس آئی اور کہا کہ ای مخرمہ کیا کام کیا تو نے
سر امام وقت کا توڑا تو نی بنی زہرہ عزیز مخرمہ کے

واسطی عذر اور معذرت کی مسجد مین پاس عثمانکی آئی اور کہا
اگر فرمائی تو نعمان کو ڈہونڈہ لائین ہم اور اوسکو اس ہنسی پر
بڑی تکلیف دین ہم کہا جانی دو اوسکو کہ اہل بدر سی ہے
اور پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نی فرمایا ہی کہ اللہ تعالی نے
اہل بدر کو بخش دیا حکایت دو عورتین بیچ ایک لڑکی کی
دعوی کر کی حضرت امیرؑ پاس آئین اور ہر ایک کہتی تہی
کہ یہ لڑکا میری پیٹ سی پیدا ہوا ہی حضرت امیرؑ نی فرمایا
کہ ذوالفقار میری لاؤ کہ اس لڑکی کو دو ٹکڑی کر دو نمین
ہر ایک آدہا لین اور آپس مین لڑائی موقوف

کرین وہ مان کہ جو حقیقت مین تہی ڈری کہ ایسا نہو کہ لڑکا
میرا مارا جای کہا ای امیر المومنین مینی اپنی دعویسی بیزاری کی
اور لڑکا اس عورت کو دیا مینی اسکو نہ مارو اور اوسکو دی دو
حضرت امیرؑ نی فرمایا کہ لڑکا اس عورت کا ہی جہان چاہی
لیجای اوسنی لڑکا اپنا لیا اور روانہ ہوئی حکایت ایک لڑکا
دودہ پیتا مہری مین چلا گیا اوسوقت کہ مان اوسکی اور
طرف متوجہ تہی اور ہاتہہ اوسکا اوس تک نہ پہنچتا تہا
اور مہر کی ابتدا سی انتہا تک بیچ گزرا تہی مان اوسکی
کوٹہی پر بال نوچتی تہی اور چہاتیان اوسکو دیکہاتی تہی

اور لڑکا اوسکی طرف نہ آتا تہا آدمی جمع ہو گئی تہے
اور کوئی تدبیر نہ کر سکتی تہی یکایک حضرت
امیر المومنین علیہ الصلوٰۃ والسلام وہان
پہنچی اور وہ ماجرا سنا اور بیقراری اوس
عورت کی دیکہہ کی فرمایا تو ایک لڑکا کوٹہی پر
لی گئی اور روبرو اوسکی بٹہایا اوسنی ہم سینے
کی سبب سی اوس لڑکی کی طرف رغبت کی
اور دونون نی آپس مین باتین کین وہ پہیرآیا
یہانتک کہ ہاتہہ اوسکی مانکا اوس تک پہنچا اور کوٹہی

سی نیچی لای حضرت سی آدمیون نی پوچھا کہ اونہون نی
آپسمین کیا گفتگو کی حضرت نی یہ فرمایا اس لڑکی نی
اوس لڑکی کو کہ اپنی تئین زمین پر گراتا تہا منع کیا
اوس لڑکی نی جواب دیا مین اپنی تئین اس سبب
سی مارتا ہون کہ مجہسی بہت گناہ ہون اللہ تعالی
مجہپر عذاب کری اوس لڑکی نی کہا اسطرف پہر آ
شاید تیری نسل سی ایک آدمی اچہا پیدا ہو کہ اللہ تعالے
تجکو بخش دی جو یہ باتین آپس مین ہوئین اس
سبب سی یہہ لڑکا پہر آیا آدمی تعریف

حضرت امیر المومنین علیہ الصلوٰۃ والسلام کی
کرنی لگی اور مان اوسکی چارون طرف حضرت
کی پہری اور ہاتھہ اور پاؤن اوس جناب کی
چومی حکایت بیچ شہر سوئیس کی کہ پائی تخت
انگریزون کا ہی ایک واردات عجب طرح کی
ہوئی کہ جب چار گہڑی دن باقی رہتا سرخی
ایک طرف آسمانکی کنارہ پر چہا جاتی تہی اور
دوسری طرف چہپ جاتی تہی اور آندہی آتی
تہی آدمی جانتی تہی قیامت آئی اور وہ سرخی

استدر کالی ہو جاتی ہے کہ ہاتھہ کو ہاتھہ معلوم
ہوتا تہا اور تہوڑی دیر کی بعد دور ہو جاتی
تہی آخر انگریزون نی پہاسرخی کا کیا
ایک جانور پایا ئی طرحکا کہ زیادتی بال اور
پراوسکی سی اندہیرا ہوتا تہا اور آندہی آتی
تہی آخر توپ کی گولون کی ضرب سی مارا

حکایت نقل کرتی ہین کہ اللہ تعالی سینے
بیچ زمین گرد نواح چین کی ایک پہاڑ پیدا
کیا ہی اور بیچ اوس پہاڑ کی ایک غار ہی اور بیچ اوس

غار کی ازدہا رہتا ہی اثر اوسکی آواز کا یہ ہی کہ سات آٹھہ
کوس تک جسکی کان مین وہ آواز پہنچتی ہی وہ مرجاتا
ہی اور وہ کسی حربہ سی نہین ڈرتا ہی مگر اس سی کہ
بدلی آئی اسپر اللہ تعالی نی ہمیشہ پہاڑ کی چوٹی پر
ایک ٹکڑا بدلی کا پیدا کیا ہی تو خوشی کی وقت جو
سر گڑہی سی نکالتا ہی اور چاہتا ہی بہت خوشی سی آواز
کری دیکہتی ہی بدلی کی غمگین ہو کی آواز اور شور کرنسی
دور رہتا ہی جل جلالہ وعظمت کبریاہ یعنی بڑی ہی بڑائی
اوسکی اور بزرگ ہی بزرگی اوسکی حکایت بیچ راہ سراندیپ کی

ایک ٹاپو ہی اور اوس ٹاپو مین ایک راہ ہی چوڑی اور
دونون طرف اوس راہ کی پہاڑ مانند دیوار کی معلوم ہوتی ہین
اکثر آنی والون اور جانی والون نی جو دیکھا ایک اونمین مشبک
پہاڑ ہی اور دوسرا ازدہا ہی پہاڑ کی صورت گہر آدمیونکی
اور جانورونکی اور درخت سوا اسکی اوپر اوسکی اوگی ہین
فقط گرمی بدن اور سانس کی حرکت سی معلوم ہوا کہ یہہ
ازدہا بہت بڑا ہی اللہ جاننی والا ہی حکایت نقل کئی گئی
ملک الشعرا مہدیعلیخان ژ کی سی کہ حضرت سلطان عالم اوام اللہ ملکہ
وسلطنتہ سی عرض کی کلکتہ مین زبانی مرزا اعظم علی سوداگر سی

سنی تہی کہ کپتانی جہاز سلطانیکی ایک انگریز کی نام پرتہی کہ نام
اوسکا میک فاسن تہا اتفاقاتسی وہ جہاز ظرف ملکون
حبش کی ایک جا پہنچا کپتان نی دوربین سی دیکہا کہ
نزدیک کناری دریا کی جنگل مین ایک شیر بہاگا جاتا ہے
اور ایک آدمی ننگا پیچہی اوسکی دوڑتا ہوا دیکہائی دیا
آخر اوس آدمی نی شیر کو پکڑا اور سر اوسکا دونون ہاتہہ سی پکڑ
کی توڑا اور مغز اوسکا بہت مزہ سی کہایا اس کپتان نی
آدمی اپنی بہیجی اوس شیر کہانی والی کو نزدیک اپنی بیچ جہاز
کی بلایا جو نزدیک سی اوسکو دیکہا موافق پانچ گز کی

قد اوسکا تہا اور تین گز چوڑائی سینی کی تہی اور ہاتہہ اور پاؤن
اور عضو اور سر بہت لنبا اور چوڑا اور مٹاپا بازؤن کا
اور رانونکا زیادہ انتہای فکر سی تہا اور سر بہت ہی بڑا
رکہتا تہا آخر اوس انگریزنی کہ کپتان تہا اپنی خیال مین
تجویز کیا کہ اس آدمی سی کام دس آدمیونکا بخوبی بندوبست
پائیگا بس بہت مہربانیسی اوسکو جہاز مین رکہا اور کہانا ایک
من بہر کہاتا تہا اور پیٹ نہ بہرتا تہا جہاز کی رہنی والونسی
جسکی آگی سی کہانا تہوڑا یا بہت بچتا تہا وہ بہی اوسکو
دیتی تہی اوسکو بہی کہا جاتا تہا اور حقیقت مین کام زور

اور طاقت کا بہی اوسی ظاہر ہوتا تہا جیسا کہ کام بیس آدمیونکا
وہ اکیلا کرتا تہا جو خلاصی حرامزادی اور بد ذات ہوتی
ہین ایک دن اوسی چہیڑنی لگی یہانتک کہ وہ عاجز ہوا
اور غصی مین آیا لنگر جہاز کا کہ پانچ سی من پختہ سی کم نہوگا
جریب کی مانند دونون ہاتہ نہونسی اوٹہایا اور چاہتا تہا کہ
اونپر ماری اوسی وقت کپتان خبر سنکی پریشان ہوکی
نکلا اور اپنی آنکہہ سی دیکہا کہ لنگر اوسکی دونون ہاتہونمین
ظاہر ہی کپتان ڈاکہ شاید اس ضربسی صدمہ جہاز کو پہنچی
کہ ٹوٹ جائی خلاصہ یہ کہ اوسوقت خلاصیونکو کہرکا اور چہڑکا

اور اسکو ہمت اور سماجت سی سمجھا کی اس کام سی دور رکہا
اور غصہ اوسکا دور کیا لیکن یہہ خیال دل مین کبتان کی بیٹہہ گیا
کہ شاید دوسری بار یہی آش بیچ کا سہ کی ہو اور میری
پہنچنی تک یہہ نالائق جہاز کو بوڑی بس رہنا ایسی آدمی
حیوان خاصیت اور دیو طاقت کا بیچ جہاز کی اچہا نہین ہے
جسوقت جہاز اوس موقع پر پہنچا کہ اوسکو اوس جاسی لائی تہے
کشتی پر بیٹہا کی دہوکا دیا یعنی واسطی لانی بعضی چیزین اوسکی
ملک کی خشکی کی طرف بیہا اور جہاز اوس جاسی روانہ ہوا
پہر وہ کبتان نقل کرتا ہی کہ جو جہاز اوس جا پر پہچا دوربین کے

مدوسی مینی دیکھا کہ وہی شخص پہاڑ کی اوپر بیٹھا ہی اور ایک
شیر نیچی رانکی تڑپتا ہی اور ایک شیر آگی پڑا ہی وہ سر اوس کا
ٹور کی بہیجا کہاتا ہی اور تحفہ یہہ ہی کہ یہہ آدمی گروہ اومیونسی
تہا نہ یہہ کہ دیوزاد ہویا اور قسم دوسری سی کہا جای
حکایت زبانی قلق کی ایکدن شیخ صادق علی آشنا میرے
کہ بہت ملکونکی سیر کی ہی یہہ حکایت مجہسی بیان کرتی تہی
کہ ایک سوداگر تہا بہت مالدار اور اسباب سوداگریکا
بہی بہت رکہتا تہا ایکدن آسمانکی گردش سی سب
مال اور اسباب سوداگر کا تباہ اور برباد ہوا

یہانتک کہ فاقونکی نوبت پہنچی یکایک ایکدن کناری پر سمندر کے
پہنچا سوداگرنی دیکہا کہ کناری پر پانی مین کتنی پریزاد
چاندکی سی منہہ اور گوری بدن کہ بال اون معشوقونکی
کمر سی نیچی ہین ننگی آپسمین پانسی کہیل رہین ہین اور حرکت
معشوقونکی کرتی ہین دیکہتی ہی اون معشوقونکی سوداگرنی
دلمین اپنی خیال کیا کہ اگر ان معشوقونمین سی ایک بہی ملجائے
یہ تمام مفلسی دور ہوتی ہی پیچ ایک بازار اور ایک شہر کی
لیجا کی قیمت یوسف کی حاصل کرونمین اس خیال سی جاہا
کہ کسی تدبیر سی شکار مراد کا جالمین آئی حاصل کلام کا

یہی کہ بڑی تدبیر سی نزدیک اون معشوقونکی جا کی چاہتا تہا
کہ ایک کی تیئن اونمین سی ہاتہہ کی چالاکی سی قید کر کی پاہی
باہر لائی اوسی دم اون معشوقون نی ٹہٹہہ مار کی غوطہ
مارا اپنی تیئن اولٹا کیا اور اپنی دم باہر لائی سو دیکہا کہ
نیچی کا بدن اونکا بدن مچہلی کا ہی آخر ہاتہہ افسوس
ملکی جنگل کی طرف چلا گیا حکایت عنایت علیخان ترجمہ
کرنی والی حملہ حیدریکی طبیب الدولہ بہادر سی نقل کرتی ہی
کہ ایک روز واسطی ملاقات خواجہ امیر خان پہنچی خواجہ
بادشاہ خان نبارسی کی گیا مین چیدہ صحبت تہی اور جو لوگ مجلس مین

تہی ہر ایک نئی بات بیان کرتا تہا صاحب خانہ یعنی خواجہ
امیر خان نی زبانی اپنی باپکی نقل بیان کی اور وہ یہہ ہی کہ
باپ میری یعنی خواجہ بادشاہ خان شہر بنارس مین ساتہہ
عہدہ رفاقت کی بیچ سرکار ابد قرار جناب عالی متعالی
نواب جنت آرامگاہ کی نوکر ہتی ایکدن جناب عالی متعالے
تہوڑی آدمیونسی رفیق عزت دار کہ اونہین سی خواجہ بادشاہ خان
تہا سات قصد ملاقات بڑیصاحب بنارس کی تشریف
لی گئی ہتی بعد ملاقات کی نوبت بات چیت کی ہوئی اسی
درمیانمین دو آدمی چپراسیونسی نوکر سرکار کمپنی کی گرتی پڑتی ائی اور عرض کے

کہ اج بیچ اوس جنگل کی کہ نزدیک کناری شہر کی ہی اوبتیتہ
نام رکہتا ہی دیکہا ہی ہمنی کہ کبہی نہین دیکہا تہا ہمنی بڑی صاحب نے
پوچہا کہ وہ کیا ہی اونہون نی عرض کی کہ بیچ اس جنگل کے
ایک چیز لمبی چوڑی مانند بڑی لٹہی ساکہوکی پڑی ہی بی حس
اور حرکت ہی اور ساری جسم مین اوسکی گل اور داغ بڑی مانند
ڈہال کی سات رنگ طرح طرحکی معلوم ہوتے ہین
لیکن ہر ایک داغ سی دہوان اونچا ہوتا ہی اونچا ہوکے
بہٹ جاتا ہی بدبو گوشت کی جلنی کی ہماری دماغ مین آتی ہی
بہت دہیان کیا حقیقت اوسکی معلوم نہوی بڑا صاحب

اور جنابعالی مع رفیقون اچھی گھوڑونپر سوار ہوکی اوس
جنگل کی طرف چلی جب وہان پہنچی کہنا اوسکا ٹھیک پایا
دیکھا کہ ایک بڑی لنبی چیز قریب بیس گز کی اور مٹا پا
سا کہو کی لٹھی کی مانند زمین پر پڑیں اور بی حرکت پڑی ہے
اور حقیقت مین تمام اوسکی جسم مین مانند زدہی کی داغ
چھوٹی اور بڑی طرح طرحکی کہ بہت اونمین سی سبب جلنی کی
کالی دکھائی دیتی ہین اور ہر داغ سی دہوان بغیر شعلی کی
اونچا ہوتا ہی اور آسمان کیطرف جاتا ہی بدبو اوسکی
جلنی سی دماغ مین پہنچی کہ برداشت نہوئی اور رہنی کی اور



راہ آنی جانی اوسکی کی بیچ اوس جنگل کی ڈہونڈیے
نشان نپایا معلوم نہین ہی کہ بیچ اوسی زمین کی پیدا ہوا تہا
اور اتنا بڑا ہوا تہا یا آسمانسی زمین پر گرا مطلب یہ ہی کہ کچہ
آدمی مقرر کرکی گہر کی طرف تشریف فرما ہوئی بعد تین
رات دنکی اوسکا جسم جلکی راکہہ ہوگیا جناب عالی متعالی
نی بیاض مین اس حکایت کو اپنی دست مبارک سی لکہا
اور بڑی صاحب نی تصویر اوسکی مع حال مفصل کی لکہہ
کی لندن کو بہیج دیا اللہ جانتی والا ہی حکایت
محمد اکبر بیگ ہندسہ جانتی والی مسیح الدولہ بہادر سی

نقل کرتی تہی کہ ایک شخص نقل کرتا تہا کہ ہم جہاز کی خلاصی سے

گروہ مین نوکر تہا یکایک وہ جہاز طوفان مین آکی ٹوٹا مین اوپر

ایک تختی کی جہاز کی تختون مین سی لہرونکی تہپیرونسی کنارے

پہنچا ایک جنگل دیکہا مینی بڑا اوس سبب سی کہ مین بہت بہوکا تہا

ڈہونڈہنی لگا کہ کسیطرحکا پہل یا کوئی اور چیز کہانیکی لائق

ہم پہنچی تو اوسکی کہانی سی بہوک موقوف ہو دیکہا مینی

کہ ایک شخص بڑی قد کا ڈراونی شکل کہ نسبت اور آدمیونکی

بہت بڑا تہا اور کوئی کپڑا سوای برہنگی بدن پر نہ تہا

مگر مالا موتی کا گلی مین ڈالی تہا میری پاس آیا اور مجکو

اوٹہا کی اپنی کندہی پر بیٹہا کی چلا چلتی چلتی وہان پہنچا دیکہا
ہینی کہ اوسی صورت کی اور آدمی وہان بہت سی ہین
اوس شخص نی چلتی چلتی مجکو وہان پہچایا کہ قرینی سی
معلوم ہوا کہ سردار اوس قوم کا اوسی جا رہتا ہی
کسواسطی کہ سب آدمی کہ راہ مین اور نزدیک اوس
سردار کی دیکہی ہینی سب ننگی تہی لیکن لڑکی موتیونکی
موافق اونکی رتبون کی بڑی اور چہوٹی تہی اور یہ
سردار اتنا لباس پہنی کا رکہتا تہا کہ دونون طرفکے
شرمگاہ چہپائی موتی جو اوسکی گلی مین تہی بہت بڑی تہے

کہ مینی کبھی ایسی نہ دیکھی تہی ایک چبوتری پر خاک کی بیٹھا
تہا اور بہت سی آدمی تابعدار یہن حاضر تہی اور آدمی میرے
تیئن اوسکی تزویک لی گیا کنہی سی اوتار کی وہ بات کے
کہ یہن نہ سمجھا اوس سردار نی مجھسی بات کی لیکن بات اوسکی
بہی نہ سمجھائی دی اور نہ اوس سردار نی زبان میری سمجھے
وہ سردار اپنی آدمیونسی کلام کرنی والا ہوا اور ایک آدمے
اوس گروہ سی گیا ایک آدمی کو لایا کہ بہت سی زبانونمین
دخل رکہتا تہا اوس آدمی نی طرح طرح کی زبانونمین
مجھسی کلام کیا ایک زبان کو سمجھا مین اور جواب دیا مینی اوسنے

مجھسی پوچھا کہ تو کون ہی اور کہانسی آیا ہی تو اور سبب
تیری آنیکا کیا ہی مینی نام اور قوم اپنی اور عہدہ اپنی نوکری کا
اور طوفان مین آجانا جہاز کا اور پہنچنا دریا کے
کناری پر اور پیدا ہونا اس آدمی کا اور یہان لانا ذر اوذر
بیان کیا اوسنی حال میرا سردار اپنی سی بیان کیا اور کہا
کہ یہ شخص بہت بہوکا ہی حاکم نی کہا کہ واسطی اسکی گوشت
لائین ہمراہی اوسکی خشک گوشت لائی کہا مینی کہ یہہ
گوشت میری کہانیکی لائق نہین ہی مین حلال کیا ہوا
کہا تا ہون کہا واسطی تیری ایک جانور زندہ مگا تا ہون

کہا مینی اگر ایک جانور حلال مانند ہرن اور سوای اسکی ہوگا
کہاؤنگا مین کہا ہرن واسطی اسکی لاؤ ایک آدمی گیا اور ایک
ہرن شکار کرکی لایا چھری کہ رکہتا تہا مین ذبح کیا اور صاف
کیا مینی چقماق اور پتہر سی آگ نکالی لکڑیان روشن کرکی
کباب لگائی اور موافق خوراک اپنی کی لیکی مینی اور اوس
سردار کو دئی اور اوسکو کہا کی خوش ہوا دو تین دن اوسجا
رہا مین ہر روز ایک ہرن میری واسطی لاتی تہی اور
مین ذبح کرکی کباب لگاتا تہا اور موافق اپنی لیتا تہا مین
اور باقی سردار کو دیتا تہا مین اور وہ کہاتا تہا پہر اوس سردار نے



پوچھوایا کہ کیا منظور ہی کہا مینی میری تینین اوسجا پہنچاؤنگا کہ
میری ہمجنس آدمی ہون موافق ایک مٹھی کی موتی چھوٹی اور
مجھولی مجکو دی دو آدمیونکو مقرر کیا کہ اوسکو نزدیک اباد تک
پہنچاؤ ایک آدمی اون دوشخصونسی میری تینین اپنی کاندہے
پر بٹھا کی چلا جسوقت اوسکو تکلیف ہوتی تہی دوسرا آدمی
اپنی کاندہی پر بٹھاتا تہا صبح سی شام تک اسیطرح جاتی تہے
شام کی وقت ایک جا مجکو اوتارا ایک طرف اشارہ کیا
کہ اودہر جاو آپ گئی مین تہوڑیسی راہ چلا تہا کہ نشان
آبادیکا ظاہر ہوا بیچ ایک گاؤنکی پہنچا مین کہ ملک فرانس سی تہا

جو وہانکی رہنی والونسی اپنا حال کہامینی اونہون نی کہا کہ
اس جاسی بڑہ کی سو میل پر آدمی صحرائی اسی طرحکی شکل
اور صورتکی رہتی ہین حاصل کلام کا یہ ہی اوس خلاصی نے
اون موتیونکو بیچا اون روپیونسی سوداگری کرتا تہا اور
تکلیف سی کہانی اوپر ہینی کی اور نوکریسی نجات اور خلاصی پائے

حکایت زبانی بندہ رضا خانہ زاد موروثی شے

ایک آدمی نقل کرتا ہی کہ مین بیچ جہاز کی تہا اور ناخدا
اوس جہاز کا اندہا تہا ناخدا اوس جہاز کا ہر وقت پانے
مانگتا تہا اور چکہتا تہا مین حیران ہوا کہ یہ آدمی

انکہہ مین روشنی نہین رہتا ہی فقط اوپر چکہنی پانیکی کا رجہاز
کا کرتا ہی ایکدن پانی بیچ کوزیکی لیا مینی اور جسوقت
کہ پانی مانگتا تہا وہی پانی کہ کوزی مین بہرا ہوا رکہتا تہا
بین دیتا تہا جو دوسرا دن آیا پانی دریاسی لیا مینی
اور واسطی چکہنی کی دیا مینی بہت رنج کہینچا اور غل
کرنی لگا کہ جہاز تباہ ہوا اور نزدیک ظلمات کی
پہنچا سات دن کی بعد سورج انکہہ سی اوجہل ہوا اور
جہاز بیچ ظلمات کی پہنچا جہاز کی آدمیون نی انسان کی
آواز سی جانا کہ اور جہاز بہی بیچ ظلمات کی نزدیک اس جہاز کے

ہین زمانہ تباہ ہونی جہاز کا اون جہاز کی رہنی والونسی پوچہا
کسینی مدت دو برس کی کسینی زمانہ سات برس کا
اسی طرحسی بیان کیا ایک آدمی اوسمین بڑی عمر کا ہوشیار تہا
کہا اوسنی کہ ایک آدمی اس جہاز پر بہت دنونسی تہا اور
کتنی برس ہوئی کہ مرگیا نقل کرتا تہا کہ بعد بارہ برس کے
ایک مچہلی اس دریا مین مردونکی کہانیکو آتی ہی اور جہاز
تلی اوپر ہوجاتی ہین اور بعد اسکی جدہر آفتاب ڈوبتا ہے
اودہر جاتی ہی آدمی اس جہاز کی کہ ظلمات مین پہنچی تہی
سونچی مردی جہاز کی لیکی اور زنجیرسی مضبوط باندہ کی نیچی جہاز کے

قلابون مین لٹکائی تہوڑیسی دیر ہوئی کہ شور دریا مین پیدا
ہوا دوسری جہاز کی لوگون نی پتا دیا کہ وہی مچھلی آ
ہی خدا کی اسطرح ہای ہم آدمیونکی بہی کرو اس جہاز کی
آدمیون نی اسباب اور نقد اور وہ کہ جیتی تہی اپنی
جہاز پر چڑہائی جسوقت نیچی جہاز کی مچھلی موافق اپنی
عادت کی پہنچی مردونکو نگل گئی اور جدہر چہپا ہی آفتاب
ادہر چلی جہاز بڑی حرکت مین آیا اور مچھلی کی سانہ
مانند آندہی کی چلا وہی شخص اندہا ہر وقت
کہتا تہا دم بدم پانی دو جاشو پانی دیتی تہی اور جہاز

مانند آندھی کی جاتا تھا یہانتک کہ تین دن کی بعد کرن آفتاب کی

ظاہر ہوئے دوسری دن اوس ناخدا اندھی نی عمل کیا کہ بادبانی

زنجیرین اور رسیان کاٹ ڈالو کہ جہاز ظلمات سے باہر آوے دیون نی

اپنی تئین دریا مین پہنچایا اور رسیان اور زنجیرین کاٹنے سے جہاز

صد مونسی ظلمات کی نجات پائی فقط

الحمد للہ والمنہ کہ رسالہ واجدیہ سلطانی حسب الحکم قدر شرح صدر

ابوالمنصور ناصر الدین سکندر جاہ بادشاہ عادل قیصر زمان سلطان العالم

محمد واجد علی شاہ بادشاہ غازی خلد اللہ ملکہ وسلطنتہ فیاض علی العالمین

باہتمام کپتان مقبول الدولہ مرزا محمد مہدی علیخان بہادر مقبول خان